# دُعائے جمیلہ

دُعائے جمیلہ اللہ تعالیٰ کے ناموں کا حسین ترین مجموعہ ہے جو کوئی اس دُعا کو روزانہ پڑھے دین و دُنیا کی سعادت اور عزت حاصل ہوگی، بے پناہ ثواب ملے گا، تمام صغیرہ و کبیرہ گناہ معاف ہوں گے۔ جو شخص اسے ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اللہ اس پر بے حد مہربان ہوگا اور اس کیلئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے گا۔ اس کے رزق میں اضافہ ہوگا۔ گھر میں خیر و برکت پیدا ہوگی۔ اہل خانہ میں محبت اور مروّت قائم رہے گی۔ اگر کوئی جائز حاجت ہوگی تو وہ بھی پوری ہوگی، جس کام کو ہاتھ ڈالے گا کامیابی و کامرانی سے ہمکنار ہوگا، اگر سفر پر جائے گا تو امن و امان سے واپس اپنے اہل و عیال میں آئے گا، گویا کہ اس دُعا کو پڑھنے سے ہر لحاظ سے نیکی اور سکون حاصل ہوگا، اگر کوئی شخص اسے بعد نماز تہجد پڑھنے کا معمول بنالے تو اس کا سینہ نورِ خداوندی سے روشن ہو جائے گا، اور اس پر حصولِ معرفت کی راہیں کھل جائیں گی، اگر کسی کا مرشد کامل نہ ہو تو اس کو دُعا کو سات دن تک سوتے وقت سات مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ انشاء اللہ اللہ تعالیٰ کے کرم سے مرشد کامل مل جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے

يَا جَمِيْلُ يَا اَللّٰهُ يَا قَرِيْبُ يَا اَللّٰهُ يَا مُجِيْبُ يَا اَللّٰهُ

اے خوبی والے اے اللہ — اے نزدیک اے اللہ — اے مجیب اے اللہ

يَا مُجِيْبُ يَا اَللّٰهُ — يَا رَءُوْفُ يَا اَللّٰهُ — يَا مَعْرُوْفُ يَا اَللّٰهُ

اے قبول کرنے والے اے اللہ — اے مہربانی کرنے والے اے اللہ — اے نیکو کار اے اللہ

يَا مَنَّانُ يَا اَللّٰهُ — يَا دَيَّانُ يَا اَللّٰهُ — يَا بُرْهَانُ يَا اَللّٰهُ

اے احسان والے اے اللہ — اے دیان اے اللہ — اے قوی دلیل اے اللہ

يَا سُلْطٰنُ يَا اَللّٰهُ — يَا مُسْتَعَانُ يَا اَللّٰهُ — يَا مُحْسِنُ يَا اَللّٰهُ

اے غالب اے اللہ — اے مدد چاہے گئے اے اللہ — اے احسان کرنیوالے اے اللہ

يَا مُتَعَالِ يَا اَللّٰهُ — يَا رَحْمٰنُ يَا اَللّٰهُ — يَا رَحِيْمُ يَا اَللّٰهُ

اے سب سے برتر اے اللہ — اے مہربان اے اللہ — اے نہایت رحم والے اے اللہ

يَا حَلِيْمُ يَا اَللّٰهُ — يَا عَلِيْمُ يَا اَللّٰهُ — يَا كَرِيْمُ يَا اَللّٰهُ

اے حلم والے اے اللہ — اے خبردار اے اللہ — اے نہایت کرم کرنے والے اے اللہ

يَا جَلِيْلُ يَا اَللّٰهُ — يَا مَجِيْدُ يَا اَللّٰهُ — يَا حَكِيْمُ يَا اَللّٰهُ

اے بزرگ اے اللہ — اے صاحب بزرگی کے اے اللہ — اے حکمت والے اے اللہ

يَا مُقْتَدِرُ يَا اَللّٰهُ — يَا غَفُوْرُ يَا اَللّٰهُ — يَا غَفَّارُ يَا اَللّٰهُ

اے ظاہر قدرت والے اے اللہ — اے بخشنے والے اے اللہ — اے گناہ بخشنے والے اے اللہ

يَا مُبْدِئُ يَا اَللّٰهُ — يَا رَافِعُ يَا اَللّٰهُ — يَا شَكُوْرُ يَا اَللّٰهُ

اے پیدا کرنے والے اے اللہ — اے بلند کرنے والے اے اللہ — اے قدر دان شکر کرنیوالوں کے اے اللہ

| | | |
|---|---|---|
| يَا خَبِيْرُ يَا اَللّٰهُ | يَا بَصِيْرُ يَا اَللّٰهُ | يَا سَمِيْعُ يَا اَللّٰهُ |
| اے خبردار اے اللہ | اے دیکھنے والے اے اللہ | اے سننے والے اے اللہ |
| يَا اَوَّلُ يَا اَللّٰهُ | يَا آخِرُ يَا اَللّٰهُ | يَا ظَاهِرُ يَا اَللّٰهُ |
| اے اول اے اللہ | اے آخر اے اللہ | اے ظاہر اے اللہ |
| يَا بَاطِنُ يَا اَللّٰهُ | يَا قُدُّوْسُ يَا اَللّٰهُ | يَا سَلَامُ يَا اَللّٰهُ |
| اے باطن اے اللہ | اے پاکیزہ بڑے وصفوں سے اے اللہ | اے سلامت والے اے اللہ |
| يَا مُهَيْمِنُ يَا اَللّٰهُ | يَا عَزِيْزُ يَا اَللّٰهُ | يَا مُتَكَبِّرُ يَا اَللّٰهُ |
| اے نگہبان اے اللہ | اے زبردست اے اللہ | اے عظمت والے اے اللہ |
| يَا خَالِقُ يَا اَللّٰهُ | يَا وَلِيُّ يَا اَللّٰهُ | يَا مُصَوِّرُ يَا اَللّٰهُ |
| اے پیدا کنندہ اے اللہ | اے کارساز اے اللہ | اے صورت بنانے والے اے اللہ |
| يَا جَبَّارُ يَا اَللّٰهُ | يَا حَيُّ يَا اَللّٰهُ | يَا قَيُّوْمُ يَا اَللّٰهُ |
| اے زبردست اے اللہ | اے ہمیشہ جینے والے اے اللہ | اے ہمیشہ قائم رہنے والے اے اللہ |
| يَا قَابِضُ يَا اَللّٰهُ | يَا بَاسِطُ يَا اَللّٰهُ | يَا مُذِلُّ يَا اَللّٰهُ |
| اے تنگ کنندہ اے اللہ | اے فراخ کنندہ روزی کے اے اللہ | اے ذلت دینے والے اے اللہ |
| يَا قَوِيُّ يَا اَللّٰهُ | يَا شَهِيْدُ يَا اَللّٰهُ | يَا مُعْطِيْ يَا اَللّٰهُ |
| اے قوت دینے والے اے اللہ | اے حاضر اے اللہ | اے عطا کرنے والے اے اللہ |

يَامَانِعُ يَآاَللّٰهُ يَاخَافِضُ يَآاَللّٰهُ يَارَافِعُ يَآاَللّٰهُ

اے ہٹانے والے اے اللہ اے پست کرنے والے اے اللہ اے بلند کرنے والے اے اللہ

يَاوَكِيْلُ يَآاَللّٰهُ يَاكَفِيْلُ يَآاَللّٰهُ يَاذَاالْجَلَالِ

اے کارساز اے اللہ اے کفایت کرنے والے اے اللہ اے صاحب بزرگی

وَالْاِكْرَامِ يَآاَللّٰهُ يَارَشِيْدُ يَآاَللّٰهُ يَاصَبُوْرُ يَآاَللّٰهُ

اور بخشش کے اے اللہ اے راہ نما اے اللہ اے بردبار اے اللہ

يَافَتَّاحُ يَآاَللّٰهُ لَآاِلٰهَ اِلَّآاَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ

اے کھولنے والے اے اللہ نہیں کوئی معبود مگر تو پاکی ہے تجھ کو تحقیق تھا میں

مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ

ظالموں میں سے اور رحمت اللہ تعالیٰ کی ہو اوپر بہترین خلق کے جو نام ان کا

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۝ بِرَحْمَتِكَ يَآ

محمد ﷺ ہے اور ان کی آل اور ان کے اصحاب سب پر تیری رحمت سے اے

اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝

سب سے زیادہ رحم کرنے والے

تاجرِ کتب
محمد عبد الرحیم
عزیز مارکیٹ اردو بازار لاہور 37248204-37361328



محمد عبد الرحیم بکسیلرز، سن اشاعت اکتوبر 2012ء۔ غازی علم دین شہید پرنٹرز